Alberta

نیوز ریلیز

البرٹا میں کووِڈ-19 ویکسین کی تقسیم کیلئے تیاری کر رہے ہیں

02 دسمبر، 2020ء

البرٹا کی حکومت کووِڈ-19 ویکسین وصول کرنے اور تقسیم کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے اور 2021ء کی پہلی سہ ماہی میں 435,000 البرٹنز کو ایک ویکسین پیش کی جائے گی۔

منصوبہ بندی اور تیاری خوب اعلٰی درجے کی ہے۔ جوں ہی ویکسینیں دستیاب ہوں گی، البرٹا مرحلہ وار حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کو نافذ کرنے کیلئے اولین پوزیشن میں ہے۔

اس جاری کام کی سپورٹ کیلئے، البرٹا کی حکومت نے ایک نئی کووِڈ-19 ویکسین ٹاسک فورس تعینات کی ہے۔ بلدیاتی اُمور کے ڈپٹی منسٹر ریٹائرڈ لیفٹیننٹ پال وائنک (Paul Wynnyk) کی زیرِصدارت، کووِڈ-19 ویکسین ٹاسک فورس ان اقدامات پر قائم ہوگی جو البرٹا ہیلتھ اور البرٹا ہیلتھ سروسز نے پہلے ہی ویکسین کی فراہمی کی تیاری کیلئے اٹھائے ہیں۔

"البرٹا پہلے دن سے ہی زندگی بچانے والی ویکسین کی فراہمی کیلئے تیار ہے۔ ہمارے پاس ایک بہت ترقی یافتہ منصوبہ ہے، جس کا آغاز سب سے زیادہ کمزور لوگوں کو ویکسین لگانے سے ہوتا ہے۔ ہماری کوششوں کی قیادت کینیڈا کی فوج کے سابق کمانڈر کریں گے، جس میں پبلک ہیلتھ کے اعلٰی ماہرین کی مدد شامل ہوگی۔"

جیسن کینی، پریمیئر (Jason Kenney, Premier)

ٹاسک فورس صوبے میں حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کے پروگرام پر عملدرآمد کی نگرانی کرے گی تاکہ البرٹا بھر میں ویکسینز کی اخلاقی، بروقت اور مؤثر تقسیم کو یقینی بنائے۔

"ہم نے کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے سخت، اہدافی اقدامات پر عمل درآمد کیا ہے، جب ایک مرتبہ محفوظ اور مؤثر ویکسین تیار ہوجائے تو اس کی دستیابی کیلئے منصوبہ بنا رہے ہیں۔ یہ نئی ٹاسک فورس اس وسیع کام کو آگے بڑھائے گی جو صحت کے عہدیداروں نے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا ہے کہ جب یہ ویکسین دستیاب ہو، جتنا جلدی ممکن ہو سکے البرٹنز حفاظتی ٹیکے لگوا لیں۔"

ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت

اس وقت، ہیلتھ کینیڈا نے کووِڈ-19 کی کسی ویکسینز کی منظوری نہیں دی ہے۔ منظوری مِلنے کے بعد، البرٹا جنوری اور مارچ 2021ء کے درمیان فائزر (Pfizer) اور موڈرنا (Moderna) ویکسینز کی کافی خوراکیں وصول کرنے کی توقع رکھتا ہے جس سے ابتدائی طور پر 435,000 تک البرٹنز کو حفاظتی ٹیکے لگائے جا سکیں گے جو زیادہ خطرے میں ہیں۔

متعلقہ معلومات

البرٹنز کیلئے کووِڈ-19 کی معلومات

میڈیا انکوائریز

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

Alberta

نیوز ریلیز

"ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے کہ جب البرٹا میں ویکسین دستیاب ہو جائے، تو اسے جتنا جلد ممکن ہو تیزی اور مؤثر انداز میں تقسیم کیا جائے۔ ہم اس مسئلے پر خصوصی طور پر توجہ دینے کیلئے عوامی خدمت کے ذریعے تیار کردہ ایک کثیر الضابطہ ٹیم تفویض کر رہے ہیں۔"
پال وائنک (Paul Wynnyk)، چیئر، کووِڈ-19 ویکسین ٹاسک فورس

ویکسینز وصول ہونے کے بعد حفاظتی ٹیکوں کو مرحلہ وار لگایا جائے گا، جنوری کے شروع میں فیز 1 شروع ہوگا۔ فیز 1 میں حفاظتی ٹیکے لگوانے والوں میں طویل مدتی نگہداشت اور نامزد مدد گار رہائشی (designated supportive living residents) اور ان سہولیات کا عملہ، آن ریزرو فرسٹ نیشنز کے 65 سال سے زائد عمر کے افراد، 75 سال یا اس سے زائد عمروں کے بزرگ، اور صحت کی نگہداشت کرنے والے ورکرز جن کی افرادی قوت کی صلاحیت کو یقینی بنانے کیلئے سب سے زیادہ ضرورت ہے اور جن کا سب سے زیادہ خطرے والے لوگوں میں کووِڈ-19 منتقل کرنے کا زیادہ امکان ہے۔

توقع ہے کہ فیز 2 اپریل 2021 ء تک شروع ہوگا اور پھر دوبارہ اسے ترجیحی آبادیوں کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ فیز 3 میں البرٹا کی عام آبادی کو حفاظتی ٹیکے لگانا شامل ہوگا، جس کی توقع 2021ء کے موسم خزاں تک کی جاتی ہے۔

وبائی مرض کے ابتدائی مراحل میں، وائنک (Wynnyk) کی سربراہی میں، صوبائی آپریشنز سینٹر، البرٹا ہیلتھ سروسز کے ساتھ ذاتی حفاظتی سازوسامان (پی پی ای) کیلئے عالمی سطح پر رش کے دوران ماسک، گاؤن، دستانے اور چہروں کے غلافوں کے حصول اور تقسیم میں کامیاب شراکت کا حصہ تھا۔

کووِڈ-19 ویکسین ٹاسک فورس کے ممبران آپریشنز اور لاجسٹکس میں کراس گورنمینٹ (cross-government) مہارت، وفاقی- صوبائی تعلقات، ہیلتھ اینڈ کلینیکل ڈومینز، پبلک ہیلتھ امیونائزیشن، اخلاقیات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیٹا شامل کریں گے۔

فوری حقائق

- البرٹا نے وبائی بیماری شروع ہونے کے بعد سے ہی کووِڈ-19 کی ویکسینز کے حصول کیلئے وفاقی حکومت اور دیگر صوبوں اور علاقہ جات کے ساتھ قریبی طور پر مِل کر کام کیا ہے۔
- اس وقت ہیلتھ کینیڈا نے کووِڈ-19 کی کسی بھی ویکسینز کی منظوری نہیں دی۔
- اس وقت، البرٹا کو دو ویکسینز کی خوراکیں مختض کی گئی ہیں، جن کی توقع ہے کہ اگر ہیلتھ کینیڈا نے ان کی منظوری دی تو وہ 2021ء کے شروع میں پہنچنا شروع ہو جائیں گی۔
- البرٹا فائزر (Pfizer) ویکسین کی خوراکیں 2021ء کے شروع میں، اس کے بعد موڈرنا (Moderna) ویکسین کی خوراکیں وصول کرنے کی توقع رکھتا ہے۔
- صحیح مقدار اور ٹائم لائن ابھی طے کئے جا رہے ہیں۔
- توقع کی جاتی ہے کہ دونوں ویکسینز 2021ء کی پہلی سہ ماہی میں متعدد شپمینٹس میں پہنچیں گی۔
- عالمی سطح پر پیداوار میں اضافے کی وجہ سے 2021ء کے آخر میں ویکسینز کی اضافی شپمینٹس پہنچنے کی توقع ہے۔